# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 24 August 2026**
**Time : 09:25AM**

---

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عارف حسین بٹ

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے نجی خلائی شعبے سے عالمی سطح پر جدت اور تحقیق کا ایسا ماحول پیدا کرنے پر زور دیا ہے کہ دنیا بھر کے افراد خلائی شعبے میں کیریئر کے لیے بھارت کا رخ کریں۔
نئی دہلی میں انہوں نے 20 خلائی اسٹارٹ اپس کے سی ای اوز اور بانیوں سے بات چیت کی۔ وزیراعظم نے بھارت کی کم لاگت خلائی لانچنگ کی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے اسٹارٹ اپس سے مستقل محنت اور مضبوط خلائی ماحولیاتی نظام تشکیل دینے کی اپیل کی۔
قومی خلائی سائنس کے موقع پر انہوں نے چندریان 3 کی تاریخی کامیابی کو سراہا۔

----Byte-----

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں 9 ویں نیشنل سیکورٹی سٹریٹجیز کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔ یہ 2 روزہ کانفرنس ہائیبرڈ طریقے پر منعقد ہو رہی ہے اور اس دوران ملک کے مختلف سیکورٹی فورسز اور پولیس فورسز کے 850 سے زائد افسران قومی سلامتی کو درپیش دور جدید کے چیلنجوں اور معاملات پر تفصیلی تبادلۂ خیال کریں گے۔

## ایل جی روہتک

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے طلبا پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے آپ کو صرف نصاب تک ہی محدود نہ کریں بلکہ مختلف شعبوں کے علوم حاصل کرکے اپنی نظریات کو وسعت دیں۔نئ دلی میں کل آئی آئی ایم روہتک میں انٹیگریٹڈ پروگرام اِن منیجمنٹ کے آٹھویں اور انٹیگریٹڈ پروگرام اِن لاء کے چھٹے بیچ کی انڈکشن اور اورئینٹیشن پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے طلباء سے تلقین کی کہ وہ قوم کی ترقی کو یقینی بنانے میں اپنا مثبت رول ادا کریں۔لیفٹیننٹ گورنر نے آئی آئی ایم روہتک کی طرف سے طلباء کیلئے کئے گئے اختراعی اقدامات کی ستائش کی۔

----V/O----

## منوج سنہا

اس سے پہلے ایل جی نے نئ دلی میں آئی آئی ٹی Alumni کونسل کی طرف سے منعقد کئے گئے ورلڈ وزڈم فورم سے خطاب کیا اور مختلف سیکٹروں میں بہترین کارکردگی دکھانے والوں کی عزت افزائی کی۔ایل جی نے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک کے ترقیاتی سفر کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ وکست بھارت نظریے کے آثار دکھائی دے رہے ہیں اور اس کی بنیاد پچھلے 12 برس کی حکمرانی کے دوران رکھی گئی۔انہوں نے صنعت کاروں، پالیسی سازوں، تعلیم دانوں اور شہریوں پر زور دیا کہ وہ سال 2047 تک وکست بھارت کے خواب کو مکمل طور سے شرمندۂ تعبیر کرنے میں اپنا رول ادا کریں۔

## ایل جی جیٹلی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سابق مرکزی وزیر ارون جیٹلی کو اُن کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے انہیں ایک عظیم سٹیٹس مین معروف وکیل اور بہترین پارلیمینٹیرین قرار دیا، جنہوں نے اپنی ذہانت اور دانشمندی سے قوم کی خدمت میں کوئی بھی کسر باقی نہیں رکھی۔ایل جی نے کہا کہ آنجہانی کے اصول اور اُن کا کام آنے والی نسلوں کو ترغیب دیتا رہے گا۔

چیف جسٹس

جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائم مقام چیف جسٹس اور جموں وکشمیر لیگل سروسز اتھارٹی کے ایگزیکٹو چیئرمین جسٹس سنجیو کمار نے کل ٹیٹوال کا دورہ کیا۔ انہوں نے وہاں قائم کیمپ کورٹ اور لیگل ایڈ کلینک کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر جوڈیشل مجسٹریٹ کرناہ منصور احمد میر نے قائم مقام چیف جسٹس کو کیمپ کورٹ کی کارکردگی، زیر التوا مقدمات اور اس سہولت سے مستفید ہونے والے علاقوں کے بارے میں بریفنگ دی۔

میلاد

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل شوپیاں ضلعے میں دیگام ناگہ بل میں واقع تاریخی تیرتھ راج کپال موچن مندر پر حاضری دی اور ہَوَن شراون بہہ یاترا میں شرکت کی۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اٹل ڈلو نے اس تہوار کیلئے ضلع انتظامیہ کی جانب سے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ یہ تہوار ہر سال اگست کے مہینے میں منایا جاتا ہے اور اس میں کشمیری پنڈتوں کی ایک بڑی تعداد شرکت کرتی ہے۔

شہر شہر منظر

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام ’’شہر شہر منظر‘‘ کیلئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر **0194-2452019** پر کال کر سکتے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **16** اعشاریہ **4** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **24** اعشاریہ **2** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ